بیاد گار : بانی ساتھی نہال احمد مولوی محمد عثمان ☆ زین العابدین دانش
REGD.NO.32041/58 The AWAMI AWAZ Weekly,Malegaon.Dist.Nasik
अवामी आवाज़ ضلع ناسک کا کثیر الاشاعت اُردو ہفت روزہ
ہفت روزہ عوامی آواز مالیگاؤں
مدیر: جمیل احمد دانش
Licence to post at consessional rateLI/RNP/MGN-08/2018 to 2020
جلد نمبر: ۶۳ شمارہ نمبر: ۱۰ ۲۴/اپریل ۲۰۲۰ بمطابق ۲۹/شعبان ۱۴۴۱ھ قیمت ۲/روپے
Vol No.63 Issue No. 10 Date: 24/04/2020 29 Shaban 1441

کروناوائرس بیماری کی روک تھام اور رمضان المبارک آغاز کے پیش نظر منصوبہ بندی

محکمہ پولس کی جانب سے پریس نوٹ۔ عوامی ضرورتیں پوری کرنے کے سلسلے میں اقدامات پر غور وخوض

مالیگاؤں ۲۳/اپریل: آج ناسک دیہی حلقہ پولس ایس پی کی جانب سے جاری کردہ پریس نوٹ میں کہا گیا کہ مالیگاؤں شہر میں کروناوائرس بیماری میں جو اضافہ ہورہا ہے اور اس بیماری کی روک تھام کے لئے سرکاری ریسٹ ہاؤس میں وزیر دادا جی بھسے ضلع ایس پی ڈاکٹر آرتی سنگھ میڈم، ایڈیشنل ایس پی مالیگاؤں سدیپ گھوگھے، ذمہ دار آفیسر پنکج آشیا، سابق رکن اسمبلی، کمشنر مالیگاؤں میونسپل کارپوریشن معاون کمشنر مالیگاؤں کارپوریشن، ایڈیشنل کلکٹر مالیگاؤں، پرانت آفیسر مالیگاؤں وغیرہ کی موجودگی میں منصوبہ بند میٹنگ کا انعقاد کیا گیا اس میٹنگ میں کووڈ۔۱۹ کے سلسلے میں اقدامات اُٹھانے منصوبہ بندی کرنے کے سلسلے میں درج ذیل ہدایتیں اور اقدامات اُٹھانے کا منصوبہ ہے۔

(۱) مالیگاؤں شہر میں خاص طور پر کنٹونمنٹ زون یعنی وہ محلے جہاں کروناوائرس بیماری نہایت سنگین صورتحال میں ہے اُس علاقے میں شہریوں کو سبزیاں، دودھ، گیس اور دیگر اشیائے ضروریہ کی تقسیم کے لئے دس مراکز قائم کئے جائیں تا کہ یہ متاثرہ علاقے میں موجود افراد باہر نہ نکل سکیں۔ اسی طرح کرفیو کے حکم نامے پر عمل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے۔(۲) مسلمانوں کا رمضان مہینہ جاری ہورہا ہے کھانے پینے کی اشیاء پھل، میوہ جات و دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی کرشی اتپن بازار سمیتی کے آفیسران بیوپاریوں اور محکمہ محصول کی جانب سے ضروری اقدامات اُٹھائے جائیں۔ اس سلسلے میں ایڈیشنل کلکٹر مالیگاؤں منصوبہ بندی کریں۔(۳) گیس کی تقسیم کرنے کے لئے زیادہ انتظامات کئے جائیں اور گیس خریداری کے لئے شہریوں میں کروناوائرس بیماری کے پیش نظر فاصلہ رکھا جائے۔(۴) سول ہاسپٹل مالیگاؤں، جیون ہاسپٹل مالیگاؤں، منصورہ ہاسپٹل مالیگاؤں میں مکمل اوقات کے لئے ڈاکٹروں اور نرسوں کے دستے نامزد کئے جائیں مقرر کئے جائیں۔ (۵) مالیگاؤں میونسپل کارپوریشن کی جانب سے جن علاقوں میں سخت پابندیاں عائد ہیں وہاں کا مکمل جائزہ موجود ہے ان علاقوں میں کرونا وائرس بیماری سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے جس سے خوف وہراس میں اضافہ ہورہا ہے اس لئے مالیگاؤں کارپوریشن کی جانب سے کہا گیا کہ وہ مندرجہ بالا معاملات میں کاروائی کریں تا کہ عام شہریوں کو اشیائے ضروریہ کی کمی کی بناء پر قانون نظم ونسق کے سلسلے میں کوئی سوال درپیش نہ ہو اس میٹنگ میں انتظامیہ کی جانب سے رمضان المبارک کے پیش نظر سرکاری محکمے کون کون سی آسانیاں فراہم کر سکتے ہیں اس پر غور وخوض کیا گیا۔

رمضان المبارک اور عید کے پیش نظر ضلع ایس پی ڈاکٹر آرتی سنگھ میڈم صاحبہ کی رہنمائی میں ۲۳/اپریل کو شام سات تا پونے آٹھ بجے تک ایڈیشنل ایس پی آفس مالیگاؤں کے ہال میں مالیگاؤں کارپوریشن کے کارپوریٹروں، معزز شہریوں کی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا اور اس میٹنگ میں شرکت کرنے والوں کے درمیان فاصلہ رکھا گیا تا کہ کسی طرح کا کوئی معاملہ پیش نہ آئے۔ اس میٹنگ میں ضلع ایس پی ڈاکٹر آرتی سنگھ میڈم صاحبہ نے کہا کہ رمضان المبارک کے اس ماہ میں ہمیں مالیگاؤں کے تمام کارپوریٹروں کی اشد ضرورت ہے اور اس سلسلے میں تمام افراد گھر میں رہ کر عبادت اور تلاوت کریں، روزے کے دوران تمام شہریوں کو اشیائے ضروریہ پھل فروٹ فراہم کرنے کی ذمہ داری سرکاری محکمے کریں گے اگر کسی طرح کی کمی محسوس کی جائے تو اُس کی اطلاع انتظامیہ کو دی جائے انتظامیہ شکایت دور کرنے کی فوری کوشش کرے گی۔ اسی طرح کوئی بھی شخص غیر قانونی قدم نہ اُٹھائے۔ جو لوگ ہاتھ کے ذریعے کام کرتے ہوں اُنہیں پولس کی جانب سے فروٹ بھاجی پالا کی تقسیم کی جائے گی۔ ایک ماہ سے لاک ڈاؤن جاری ہے اور اس دوران اموات بھی ہورہی ہیں لہٰذا عوام میں ان حالات کے پیش نظر وقت کے تقاضے کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ کروناوائرس بیماری کے مریضوں کو دواخانوں میں جاکر علاج کروائیں گھر کے افراد کو دھوکے سے بچائیں، مالیگاؤں شہر میں کروناوائرس بیماری کی بناء پر اموات میں اضافہ ہوا ہے۔ رمضان المبارک کے مہینے میں تمام افراد گھر میں رہ کر نماز پڑھیں، شہر کے عوام گھروں میں ہی رہنے پر زیادہ زور دیں۔ پولس وسرکاری انتظامیہ تمام اشیاء فراہم کرنے کے سلسلے میں انتظامات کررہی ہے۔ جن علاقوں میں اشیائے ضروریہ نہیں مل رہی ہے اس سلسلے میں عوام محکمہ پولس اور سرکاری آفیسران کو اطلاع دیں۔ ہم عوامی ضرورت پوری کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ کوئی بھی شخص قانون کی خلاف ورزی نہ کرے۔ امدادی اشیا کی تقسیم کے لئے امدادی مرکز بنائے جائیں گے اسی طرح اموات کی تدفین میں کم سے کم افراد قبرستانوں میں جائیں۔ اس سلسلے میں کچھ کارپوریشن کارپوریٹروں نے مختلف مشکلات کے سلسلے میں بحث مباحثہ کیا اور اس سلسلے میں منصوبہ بندی کرنے کے سلسلے میں ضلع ایس پی ڈاکٹر آرتی سنگھ میڈم صاحبہ کو اطلاع دی جائے۔ اسی طرح ضلع ایس پی کی جانب سے میٹنگ میں موجود افراد کو رمضان المبارک کی مبارکباد پیش کی گئی۔ اس میٹنگ میں شہر کے مختلف علاقوں میں انتظامات پر مامور ملازمین نے اپنی دشواریاں پیش کیں، اُنہیں کرونا وائرس بیماری سے باخبر رہنے اور اپنی حفاظت کرنے کے بارے میں بھی رہنمائی کی گئی۔ مذکورہ میٹنگ میں ایڈیشنل ایس پی مالیگاؤں، ڈی وائے ایس پی مالیگاؤں شہر اور مالیگاؤں کیمپ اور تمام محکموں کے حلقوں کے آفیسران موجود تھے۔

مودی سرکار فی پاورلوم مزدوروں کو دس ہزار اور کارخانہ دار وسائزنگ مالکان کو ۲۵ ہزار روپے دے

کروناوائرس بیماری کے سخت کرفیو کو ۱۳/دن مکمل۔ مرکزی سرکار نے لاک ڈاؤن کرکے پاورلوم کارخانے اور تمام کاروبار بند کروائے ہیں

مالیگاؤں ۲۳/اپریل: مرکز کی مودی سرکار نے کروناوائرس بیماری کے نام پر پورے ملک میں کرفیو لاک ڈاؤن دفعہ ۱۴۴/نافذ کردیا ہے مالیگاؤں سمیت بہت سے شہروں میں انتہائی تشویشناک حلقے نامزد کئے ہیں نیز تمام کاروبار پاورلوم کارخانے سب بند کروادیئے ہیں۔ مالیگاؤں جیسے پاورلوم بنکروں کے شہر میں تو پولس نے بند کارخانوں میں گھس کر چھوٹا موٹا کام کرنے والوں کو مار دھاڑ کی اتنا مارا کہ وہ شدید زخمی ہوئے۔ یہ واقعات اس بات کے ثبوت ہیں کہ بیماری کے نام پر کس طرح پاورلوم مزدوروں کے ساتھ کارخانہ داروں اور بنکروں کے ساتھ ظلم وزیادتی کی گئی ہے اور زبردستی اُن کے کاروبار بند کروادیئے گئے ہیں۔ اس کاروائی کو آج ۱۳/دن مکمل ہوئے ہیں۔ گویا ایک ماہ میں پورے شہر میں ہر طرف افراتفری، بے روزگاری حیرانی وپریشانی کا عالم ہے۔ کارخانہ دار اپنا کاروبار جاری رکھنا چاہتے تھے سائزنگ والے اور صنعت پارچہ بافی سے منسلک دوسرے افراد بھی تمام کاروبار جاری رکھنے کے حق میں تھے مگر مرکز کی مودی سرکار نے سبھوں کو زبردستی بند کروادیا ہے۔ گویا کاروبار بند کروانے کی ذمہ داری مودی سرکار پر عائد ہوتی ہے۔ موجودہ حالات میں عوامی مطالبہ یہی ہے کہ ایک ماہ کی بے روزگاری کی بناء پر پاورلوم مزدوروں کو مودی سرکار دس ہزار روپے فوری طور پر دے تا کہ وہ اپنا کاروبار شروع کرسکیں۔ مالیگاؤں جہاں بنکروں کا شہر ہے وہیں مسلمانوں کی تعداد بڑی اکثریت میں ہے۔ رمضان المبارک کا آغاز بھی سنیچر سے ہونے کا قوی امکان ہے۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ فوراً مودی سرکار مزدوروں کو دس ہزار روپے دے نیز سائزنگ وکارخانہ دار مالکان کو ۲۵ ہزار روپے کی مدد دے۔ اگر یہ قدم نہیں اُٹھایا گیا تو مالیگاؤں شہر میں جمہوری ڈھنگ سے احتجاجی اقدامات اُٹھانے کے سلسلے میں کچھ تنظیمیں غور وخوض کررہی ہیں نیز بھارت جیسے جمہوری ملک میں پریشان حال عوام کو مالی مدد دینے کی ذمہ داری سرکار پر عائد ہوتی ہے۔

سعودی عرب، خلیجی ممالک، انڈونیشیا، ملیشیا، مصر، سری لنکا، ترکی، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ میں جمعہ کو پہلا روزہ

بھارت میں کیرالا، کرناٹک کے کئی ساحلی علاقوں میں چاند نظر آیا۔ جمعہ کو پہلا روزہ

مالیگاؤں ۲۳/اپریل: جنوبی ہندوستان کی مشہور ریاست کیرالا کے کپاڈ قصبہ میں چاند کی رؤیت ثابت ہوچکی ہے، کیرالا سمیت کرناٹک کے تمام ساحلی علاقے بھٹکل منگلورو میں کل 24 اپریل بروز جمعہ پہلا روزہ ہوگا۔ اسکے علاوہ سری لنکا، ترکی، یوکے سمیت یورپ کے کئی ممالک میں کل سے ہی پہلا روزہ ہوگا۔ کیرالہ کے کالی کٹ میں رمضان کے چاند کی رؤیت ثابت ہونے پر بھٹکل میں بھی قاضی صاحبان نے کل بروز جمعہ یکم رمضان المبارک ہونے کا اعلان کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بھٹکل کے ساتھ ساتھ مینگلور میں بھی قاضی صاحب نے بھی رمضان المبارک کا اعلان کیا ہے۔

جمعرات کو خلیجی خطے میں رمضان المبارک کا چاند نظر آنے پر جمعہ کو پہلا روزہ قرار پایا اور نماز عشاء کے بعد تراویح شروع ہوگئی۔ خانہ کعبہ میں کوروناوائرس بحران اور لاک ڈاؤن کے سبب متصل فرش پر طواف روک دیا گیا تھا۔ اب رکاوٹیں ہٹا کر تراویح پڑھی گئی۔ خلیجی ممالک جیسے سعودی عرب، یو اے ای اور دیگر میں جمعرات کو رمضان المبارک کا چاند نظر آنے کا اعلان کیا گیا جبکہ غیر خلیجی ممالک جیسے آسٹریلیا، نیوزی لینڈ میں بھی جمعہ کو پہلا روزہ ہوگا۔ جمعرات کے روز متعدد ممالک نے اعلان کیا کہ 24 اپریل بروز جمعہ، رمضان المبارک کے مقدس مہینے کا پہلا دن ہوگا۔ آسٹریلیا میں، آسٹریلیائی قومی امام کونسل نے اپنے سوشل میڈیا پیجز پر ایک ویڈیو پیغام شیئر کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 24 اپریل بروز جمعہ، مقدس مہینے کا پہلا دن ہوگا۔ ان کی سرکاری ویب سائٹ پر ایک تفصیلی پیغام بھی شیئر کیا گیا۔ جمعرات کو، مصر نے اعلان کیا کہ 24 اپریل، مقدس مہینے کا پہلا دن ہوگا۔ فلکیات کے مرکز کے ایک ٹویٹ کے مطابق، تیونس اور لبنان نے بھی تصدیق کی ہے کہ جمعہ رمضان کا پہلا دن ہوگا۔ ملائیشیا میں، حکمران مہر کے محافظ نے اعلان کیا کہ جمعہ، 24 اپریل، مقدس مہینے کا پہلا دن ہوگا۔ سنگاپور نے بھی اسی طرح کا اعلان کیا ہے۔ انڈونیشیا کے مسلمان بھی، جمعہ سے ہی مقدس مہینے کے روزے رکھنا شروع کردیں گے۔

فارسی کالج کے پاس قاتلانہ حملہ

مالیگاؤں ۲۳/اپریل: شہر کے فارسی کالج سڑک پر کالج کے جنوب کی سمت میں آج نصف شب کے قریب قاتلانہ حملے کی خبر ملی ہے۔ اس سلسلے میں پولس میں شکایت کا اندراج ہونا باقی ہے کہا جاتا ہے کہ کالج کے سامنے تین افراد سڑک پر کھڑے تھے وہ لوگ کسی طرح کی مالی مدد کا ارادہ بھی رکھتے تھے کہا جاتا ہے کہ اُسی وقت تین موٹر سائیکلوں پر سوار چھ افراد وہاں آئے اور اُنہوں نے مذکورہ تین افراد پر حملہ کردیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک شخص شدید زخمی ہوا ہے ایک شخص کسی طرح اپنی جان بچا کر وہاں سے نکل جانے میں کامیاب رہا اور ایک شخص کی موت کی اطلاع ہے۔ اس سلسلے میں پوار واڑی پولس اسٹیشن سے تفصیلی معلومات کا انتظار ہے مگر جمعرات کی نصف شب کے قریب اس حملے نے سنسنی پھیلا دی ہے۔ ایک خبر یہ بھی ہے کہ خطیر رقم چھین کر قاتلانہ حملہ کرکے چھ افراد کی ٹولی وہاں سے فرار ہوگئی ہے۔ جو ایک شخص لقمہ اجل بنا ہے کہا جاتا ہے کہ اُس کے قبضے سے بڑی رقم زبردستی چھین لینے میں لٹیروں کی ٹولی کامیاب بتائی جاتی ہے۔ یہ خبر نصف شب کے قریب پورے شہر میں پھیل گئی جس سے سنسنی پائی جاتی ہے۔ اس تعلق سے تفصیلی خبر کا انتظار ہے۔ اس واقعہ سے شہر میں سنسنی ہے۔

مالیگاؤں شہر، سنگمیشور و کیمپ سمیت ۸ قبرستان چیف ٹرسٹیوں کو ہدایت

قبرستانوں میں تدفین کیلئے صرف ۵/افراد کو آنے دیں۔

مالیگاؤں ۲۳/اپریل: مالیگاؤں کارپوریشن کمشنر کشور بورڈے صاحب کی دستخط سے اور کارپوریشن کے محکمۂ آستھاپنا کی جانب سے جو خبر اشاعت کیلئے ۲۲/اپریل کو دی گئی ہے اس میں مالیگاؤں شہر، کیمپ اور سنگمیشور سمیت ۸ قبرستانوں کے چیف ٹرسٹیوں کو تحریری ہدایت دے کر کہا کہ شہر میں کروناوائرس بیماری کی سنگین صورتحال میں قبرستانوں میں تدفین کیلئے آنے والے افراد کی تعداد پر پابندی ہے۔ میت کے ساتھ صرف ۵/افراد کو قبرستان میں تدفین کیلئے آنے دیا جائے۔ اس طرح کی ہدایت دی گئی ہے۔ تفصیل میں کہا گیا کہ اب تک مالیگاؤں شہر میں کروناوائرس بیماری سے ۸/افراد لقمہ اجل بنے ہیں اس لئے موجودہ صورتحال میں قبرستان کے چیف ٹرسٹی افراد اس بات کا خاص دھیان رکھیں کہ تدفین کیلئے قبرستانوں میں ۵/افراد کو ہی داخل ہونے دیں تا کہ اس مہلک بیماری سے ہم دیگر افراد کی حفاظت کرسکیں۔ یہ ہدایت نامہ جن ۸/قبرستانوں کو تحریری طور پر روانہ کیا گیا ہے ان کے نام اس طرح ہیں۔

۱) بڑا قبرستان نیاپورہ مالیگاؤں ۲) عائشہ نگر قبرستان، سلام چاچا روڈ، مالیگاؤں
۳) چھوٹا قبرستان، نیاپورہ وارڈ، مالیگاؤں۔ ۴) سنگمیشور قبرستان، مالیگاؤں۔
۵) کیمپ قبرستان کرانتی نگر، مالیگاؤں کیمپ، مالیگاؤں۔ ۶) کیمپ قبرستان ہمت نگر مالیگاؤں کیمپ، مالیگاؤں۔ ۷) شیعہ قبرستان، ڈپو روڈ، گرد وار وارڈ، مالیگاؤں۔
۸) بوہرہ قبرستان، بوہرہ باغ، روی وار وارڈ، مالیگاؤں۔

شکر کے مرض کی تاب نہ لاتے ہوئے سعیدہ حجن کا انتقال۔ حاجی ظہیر احمد (گلشن عزیز) خانوادے کو صدمہ

نیاپورہ سلیمانی مسجد کے گلشن عزیز فرم کے حاجی ظہیر احمد کی شریک حیات سعیدہ حجن شکر کے موذی مرض کی تاب نہ لاتے ہوئے ۲۳/اپریل جمعرات کی شب اپنے مالک حقیقی سے جاملیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی عمر ۶۳ سال تھی۔ طویل عرصہ سے شکر کی بیماری میں مبتلا تھیں، کروناوائرس بیماری کے سبب لاک ڈاؤن اور میڈیکل اسٹور و دواخانے بند ہونے کی بناء پر طبی معاونت نہ ملنا موت کا سبب بنا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ شکر، دل کے امراض اور پریشران تین بیماریوں کے مریض کثیر تعداد میں پچھلے کچھ دنوں سے اموات کا شکار ہورہے ہیں۔ مرحومہ منگلوار وارڈ کے اسماعیل کباب والے کی ہمشیرہ تھیں۔ مرحومہ کی تدفین جمعرات نصف شب کے بعد بڑا قبرستان میں ہوگی۔ یہ سانحہ مرحومہ کے سسرال اور میکے دونوں کے لئے باعث رنج وغم ہے لیکن اللہ نے مرحومہ کی زندگی اتنے ہی دن مقرر کی تھی، اس سانحہ پر ہم مرحومہ کے تمام اہل خانہ اور رشتہ داروں کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے اُن کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، جنت الفردوس میں جگہ عنایت کرے نیز تمام پس ماندگان کو صبر کی قوت دے، مرحومہ کا نعم البدل عطا کرے۔ آمین ثم آمین

شرکائے غم ودعا گو: نسیم قدسی (میت کو غسل دینے والے)، عبدالمجید چچا (جنتا)، حاجی رئیس احمد کلرک (سابق اوائیس)، سلیم گزیڈ، اشتیاق احمد نہال احمد، مستقیم ڈگنٹی، ادارہ ڈسپلن، اسٹاف عوامی پریس، ادارہ عوامی آواز ویکلی۔

بھارت میں کورونا وائرس سے 21700 متاثر۔686 ہلاک

نئی دہلی، 23 اپریل (یواین آئی) ملک میں کرونا وائرس (کووڈ۔19) سے متاثروں کی تعداد بڑھ کر 21700 ہوگئی ہے اور 686 لوگوں کی اب تک اس کی وجہ سے موت ہوچکی ہے جبکہ 4325 لوگ اس سے ٹھیک بھی ہوچکے ہیں۔ مرکزی وزارت صحت کی جانب سے جمعرات شام پانچ بجے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک میں اب تک 4325 کرونا متاثرین ٹھیک ہوچکے ہیں۔ کرونا وائرس سے ملک میں سب سے زیادہ مہاراشٹر متاثر ہے۔ مہاراشٹر میں کرونا وائرس سے متاثروں کی تعداد 652,5 ہوگئی ہے اور 269 لوگوں کی اس سے موت ہوچکی ہے۔ ریاست میں 789 متاثرین ٹھیک ہوچکے ہیں۔ گجرات اس وبا سے سب سے زیادہ متاثر ہونے کے معاملے میں دوسرے نمبر پر ہے، گجرات میں کرونا وائرس سے اب تک 407,2 لوگ متاثر ہیں اور 103 لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ قومی راجدھانی کووڈ۔19 سے متاثر ہونے کے معاملے میں تیسرے نمبر پر ہے یہاں اب تک 248,2 لوگ اس بیماری سے متاثر ہیں اور یہاں 48 لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ وہیں 724 مریضوں کا علاج کے بعد اسپتال سے چھٹی دے دی گئی ہے۔ راجستھان میں کرونا سے 890,1 لوگ اس سے متاثر ہیں اور 27 لوگوں کی جان جاچکی ہے۔ تمل ناڈو میں کرونا تیزی سے پھیل رہا ہے۔ یہاں اب تک 629,1 لوگ اس سے متاثر ہیں اور 18 لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ مدھیہ پردیش میں 695,1 لوگ اس سے متاثر ہیں اور 81 لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ ملک کی سب سے بڑی ریاست اتر پردیش میں کرونا سے 509,1 متاثر ہوئے ہیں اور 21 لوگوں کی اب تک موت ہوچکی ہے۔ وہیں 187 مریضوں کو علاج کے بعد اسپتال سے چھٹی دے دی گئی ہے۔ تلنگانہ میں متاثروں کی مجموعی تعداد 960 ہوگئی ہے اور ریاست میں اس سے متاثر مریضوں کے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 24 ہوگئی ہے۔ کیرلہ میں 438 لوگ متاثر ہوئے ہیں اور تین لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ جنوبی ہندوستانی ریاستی آندھرا پردیش میں 895 اور کرناٹک میں 443 لوگ اس سے متاثر ہیں اور ان ریاستوں میں بالترتیب 27 اور 17 لوگوں کی اس کی وجہ سے موت ہوچکی ہے۔ مرکز کے زیر انتظام ریاست جموں و کشمیر میں متاثروں کی تعداد بڑھ کر 407 ہے اور پانچ لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب میں سولہ، مغربی بنگال میں پندرہ، ہریانہ اور جھارکھنڈ میں تین۔ تین، بہار میں دو اور میگھالیہ، اڈیشہ، ہماچل پردیش اور آسام میں ایک ایک شخص کی موت ہوچکی ہے۔

آئی پی ایل پہلے اور ورلڈ کپ بعد میں کرایا جائے: میک کولم

لندن، 23 اپریل (یواین آئی) نیوزی لینڈ کے سابق کپتان برینڈن میک کولم کا خیال ہے کہ اس سال آسٹریلیا میں اکتوبر۔نومبر میں منعقد ہونے والا ٹی-20 ورلڈ کپ کا کورونا وائرس کووڈ-19 کے سبب پہلے سے مقرر پروگرام کے مطابق ہونا مشکل ہے اور اسے 2021 کے شروع میں کیا جا سکتا ہے جبکہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کو اکتوبر۔نومبر میں کیا جاسکتا ہے۔ آئی پی ایل کو 29 مارچ سے شروع ہونا تھا لیکن ہندستان میں لاک ڈاؤن لگائے جانے کی وجہ سے آئی پی ایل کو 15 اپریل تک ملتوی کردیا گیا تھا اور لاک ڈاؤن کو تین مئی تک بڑھائے جانے کی وجہ سے آئی پی ایل کو غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا گیا ہے۔ ہندستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) کے صدر سورو گنگولی نے حالات مکمل طور پر معمول پر آنے تک ملک میں کرکٹ کے انعقاد کے کسی بھی امکان سے انکار کیا ہے۔ گنگولی کے مطابق ہندستان میں جلد کرکٹ میچ ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ گنگولی نے کہا کہ کورونا کی وجہ سے صحت سے متعلق خدشات کو دیکھتے ہوئے ہندستان میں مستقبل قریب میں کرکٹ ہونا ناممکن ہے۔ اس میں کافی اگر مگر جڑے ہوئے ہیں اور جب انسانی زندگی کو خطرہ ہو تو کھیلوں کو کرانے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ میک کولم نے اسکائی کرکٹ پوڈ کاسٹ سے کہا کہ اگر مجھے اپنے آخری ڈالر کو داؤ پر لگانے کے لئے کہا جائے تو میں یہی کہوں گا کہ ٹی-20 ورلڈ کپ کا انعقاد زیادہ خطرے میں رہے گا۔ آسٹریلیا کے لئے 16 بین الاقوامی ٹیموں، اسپورٹ عملہ اور براڈ کاسٹر کا سفر بہت مشکل رہے گا۔ ناظرین کے بغیر بھی ورلڈ کپ کا انعقاد مشکل ہے۔ ورلڈ کپ کے لئے 2021 کے نئے سال میں ونڈو ہوسکتی ہے جس سے آئی پی ایل کی جگہ بھی بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی ایل ناظرین کے بغیر کھیلا جاسکتا ہے کیونکہ کرکٹ کے جنون والے ہندستان میں آئی پی ایل کو ٹیلی ویژن پر بڑی تعداد میں ناظرین مل سکتے ہیں۔ آئی پی ایل ٹیم کولکتہ نائٹ رائیڈرس کے کوچ میک کولم نے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ آئی پی ایل اکتوبر کے ونڈو حاصل کرنے کی کوشش کرے گی اور ٹی-20 ورلڈ کپ کو آگے بڑھایا جاسکتا ہے۔

آن لائن گیم کے بڑھتے رجحان سے ذہنی صحت کو خطرہ

نئی دہلی، 23 اپریل (یواین آئی) کورونا وائرس (کوویڈ-19) کی وبا سے بچنے کے لئے ملک کی آبادی کا ایک بڑا حصہ جہاں گھروں کے اندر سمٹ گیا ہے وہیں خالی وقت میں آن لائن کی طرف بڑھتا رجحان لوگوں کی ذہنی صحت کے لئے خطرہ بنتا نظر آرہا ہے۔ پچھلے ایک مہینے کے دوران مبینہ طور پر آن لائن گیم کے یوزرس کی تعداد 30 کروڑ کی تعداد کو بھی پار کرچکی ہے۔ اس میں کافی حد تک شہری یوزرس کا حصہ ہے، جو کہ کچھ معاملوں میں 50 فیصد کے برابر ہے۔ اس کے علاوہ چھوٹے شہروں، قصبوں اور دیہی علاقوں کے لوگ بھی بہت پیچھے نہیں ہیں۔ اسمارٹ فون کی سہولت سے گیمنگ پلیٹ فارمس نے ملک میں بھی عمر اور سماجی اقتصادی پس منظر کے لوگوں کو متوجہ کیا ہے۔ آن لائن گیم کی بڑھتی عادت اور اس کے خطرناک تناسب میں پہنچنے کی حالت کے سلسلے میں ماہر نفسیات نے لوگوں خصوصا بچوں اور نوجوانوں میں بڑے پیمانے پر نفسیاتی اور علمی انتشار کے سلسلے میں گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ راجیو گاندھی انسٹی ٹیوٹ آف پالی ٹیکنک کے سابق ڈائریکٹر جنرل اور وائس چانسلر ڈاکٹر آر کے سوری کا کہنا ہے کہ آن لائن گیمنگ کا بڑھتا چلن یقینی طور پر لوگوں کی عادتوں پر اثر ڈالنے اور کئی یوزرس کے جنون کو اکسانے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آن لائن گیمنگ سے چپکے رہنے کا یہ عمل کئی یوزرس کے درمیان خراب عادتوں کو پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ کم از کم 15 سے 20 فیصد یوزرس اس خطرناک نشہ کی لت سے ایک بڑا سماجی بحران کھڑا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگ آن لائن گیم سے فوری طور پر اطمینان پاسکتے ہیں لیکن اس کی لت لگ جانے سے وہ ٹینشن اور ہائی بلڈ پریشر جیسی بیماریوں کے شکار ہوسکتے ہیں۔ ماہر نفسیات ڈاکٹر دیپالی نے کہا کہ آن لائن گیم کی لت سے لوگوں کی ذہنی صحت پر کافی سنگین اثر پڑے گا اور خاص کر بچوں، نوجوانوں میں زیادہ جارحانہ پن پیدا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بچے اور نوجوان تقریبا 14۔15 گھنٹے آن لائن گیم کے پلیٹ فارموں پر گزار کر اپنی پڑھائی، کام اور نیند کے کھلواڑ کررہے ہیں۔ اس سے لوگوں کی یادداشت اور یکسوئی (کنسنٹریشن) کی صلاحیت پر بھی کافی اثر پڑتا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ چاہے آپ جیتیں یا ہاریں، آپ اصل میں فزیکل دنیا کی ضرورت اور رسم و رواج کو چھوڑ کر ورچوئل دنیا میں رہنا شروع کردیتے ہیں۔ یو ٹیوب، سونی، مائیکرو سافٹ جیسے چینل اور کمپنی آن لائن گیم کے یوزرس کو راغب کرنے کے لئے بڑے پیمانے پر انویسٹمنٹ بھی کررہی ہیں۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران نیٹ فلکس اور پرائم ویڈیو کے یوزر کی تعداد میں گزشتہ ایک مہینے میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق 560 ملین سے زیادہ انٹرنیٹ یوزرس کی تعداد کے ساتھ ہندوستان دنیا میں دوسرا سب سے بڑا آن لائن بازار ہے، جو صرف چین سے پیچھے ہے اور یہ تعداد حیرت انگیز طور پر بڑھ رہی ہے۔ اس کے علاوہ ہندوستان سب سے بڑے ڈیٹا یوزر والے ممالک میں سے ایک ہے جو ان صارفین میں سے ایک ہے جو ای۔کامرس اور آن لائن تفریح صنعت کا اہم مرکز بنتا جارہا ہے۔

مراٹھواڑہ میں بڑھتا جارہا ہے کورونا کا قہر 60 مصدقہ مریض

اورنگ آباد: 16 اپریل (یواین آئی) مراٹھواڑہ میں کورونا وائرس کے اثرات بڑھتے ہی جارہے ہیں۔ اورنگ آباد میں آج دو مریضوں کی جانچ رپورٹ مثبت آنے کے بعد یہاں اب مصدقہ مریضوں کی تعداد 40 پر پہنچ چکی ہے، جو قابل تشویش ہے۔ ان 40 مریضوں میں سے 5 لقمہ اجل بن چکے ہیں جبکہ 16 افراد صحتیاب ہوچکے ہیں اور 19 مریض زیر علاج ہیں۔ اب تک محفوظ ضلع ناندیڑ میں بھی 65 سالہ بزرگ کی رپورٹ مثبت پائی گئی جس کے بعد یہاں تشویش کی لہر دوڑ گئی، اور اس شخص سے ربط میں آئے ہوئے 50 افراد کو قرنطینہ میں رکھا گیا ہے۔ جبکہ 75 ہزار افراد کا سروے کیا جائے گا۔ اورنگ آباد ڈویژن کے آٹھوں اضلاع میں اب مصدقہ مریضوں کی تعداد 62 ہوچکی ہے، جن میں اورنگ آباد میں 40، جالنہ میں 2، پربھنی میں 1، ہنگولی میں 7، ناندیڑ 1، لاتور میں 8 اور عثمان آباد میں 3 شامل ہیں۔ ان میں سے 27 مریضوں کو صحتیاب ہونے کے بعد اسپتالوں سے چھٹی دے دی گئی ہے۔

پرنٹر پبلشر اونر جمیل احمد زین العابدین دانش، ۱۵۰/۱، بدھوار وارڈ مالیگاؤں۔ ضلع ناسک۔ ۴۲۳۲۰۳ نے عوامی پریس ۱۵۰/۱، بدھوار وارڈ، مالیگاؤں، سے چھپوا کر ۱۵۰/۱، بدھوار وارڈ، مالیگاؤں۔ ضلع ناسک۔ ۴۲۳۲۰۳ سے شائع کیا۔ ایڈیٹر جمیل احمد زین العابدین دانش۔ ۱۵۰/۱ بدھوار وارڈ، مالیگاؤں۔ ضلع ناسک
Printed Published & Owned by jameel Ahmed Zainulabdin Danish,150/1,Budhwarward,Malegaon.Dist Nasik. 423203 Printed at Awami Press150/1,Budhwarward,Malegaon. Dist Nasik.423203 & Published at 50/1, Budhwarward,Malegaon.Dist Nasik.423203 Editor jameel Ahmed Zainulabdin Danish. 150/1, Budhwarward , Malegaon.Dist Nasik.423203.Ph:(02554) 231477 Mob:9226244754 Fax:231477 email:awamiawaz111@rediff.com